نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

امریکہ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں 13 ملین ڈالر کی مزید امداد فراہم کرے گا

اسلام آباد (7 مارچ 2006ء) ___ پاکستان میں امریکہ کے سفیر رائن سی کروکر نے آج یہاں یو ایس ایڈ کے زیر اہتمام ایک تقریب میں اعلان کیا ہے کہ امریکہ یو ایس ایڈ کے ذریعہ زلزلہ سے متاثر ہونے والے علاقوں میں تعمیر نو کے کام سے قبل درمیانی مدت کے عرصہ میں کئے جانے والے کام کے لئے 13 ملین ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کرے گا اور انہوں نے چار منصوبوں کے لئے 6.5 ملین ڈالر کی امداد دینے کا بھی وعدہ کیا ہے۔ یہ تقریب زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امریکی اعانت کے دوسرے مرحلہ کے آغاز کے سلسلہ میں منعقد کی گئی تھی۔

امریکی سفیر رائن سی کروکر نے کہا کہ ہم زلزلہ کے چھ ماہ بعد ان منصوبوں کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں کیونکہ ان منصوبوں کے تحت ان آبادیوں میں ضروری عمارتوں کے بلاکس تعمیر کئے جائیں گے جو لوگوں کی واپسی اور زندگی کی از سر نو بحالی اور ترقی کے لئے ضروری ہیں۔

متاثرہ علاقوں میں واپسی کی سرگرمیاں دراصل ان لوگوں کی امداد کے لئے وضع کی گئی ہیں جو زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں واپس جا رہے ہیں اور ان کے ساتھ ساتھ ان افراد کے لئے بھی جو موسم سرما کے دوران اپنے گاؤں میں ہی مقیم رہے اور انہیں روزگار، خوراک، تحفظ و سلامتی، فراہمی آب اور عارضی پناہ گاہوں کی صورت میں اپنی زندگیوں اور اپنے علاقے کو از سر نو استوار کرنا ہے۔

ان منصوبوں میں اُن جغرافیائی علاقوں پر خاص طور پر توجہ دی جائے گی جہاں امریکہ نے امدادی آپریشن کے دوران ہنگامی امداد فراہم کی۔ ان علاقوں میں باغ، تحصیل ویلی اور وادی سیراں شامل ہیں۔

پاکستان میں یو ایس ایڈ کے نئے مشن ڈائریکٹر جوناتھن ایڈلٹن نے اس موقع پر کہا کہ یو ایس ایڈ اور اس کے اشتراک کار مقامی آبادیوں کی بحالی کے کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مدد دیں گے اور اس سلسلہ میں صحت عامہ، تعلیم اور اقتصادی مواقع پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

آج جن چار غیر سرکاری تنظیموں کو گرانٹس فراہم کی گئی ہے اُن میں ایجنسی فار ٹیکنیکل کوآپریشن اینڈ ڈیولپمنٹ (ACTED)، کیتھولک ریلیف سروسز (CRS)، انٹرنیشنل آرگنائزیشن فار مائیگریشن (IOM) اور سیو دی چلڈرن (Save the Children) شامل ہیں۔ آنے والے دنوں میں مزید دس تنظیموں کو امداد فراہم کی جائے گی۔

یہ نئی گرانٹس زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امریکی امداد کی تسلسل کی عکاس ہیں۔ امدادی آپریشن کے دوران فراہم کی گئی اعانت میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر فراہم کی جانے والی 100 ملین ڈالر کی امداد اور 110 ملین ڈالر کی امداد امریکی محکمہ دفاع کی جانب سے تھی۔ امریکی کارپوریشنوں اور شہریوں کی جانب سے 109 ملین ڈالر کی امداد فراہم کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ پاکستان میں زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں تعمیر نو کے عمل میں مدد دینے کے لئے آئندہ چار برسوں کے دوران 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا۔ یہ رقم 510 ملین ڈالر کی اس امداد کا حصہ ہے جس کا امریکہ نے پاکستان میں امدادی سرگرمیوں اور تعمیر نو کے کاموں میں پاکستانی عوام اور حکومت کی مدد کرنے کے سلسلہ میں وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3